www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



خواجہ عبدالمنان راز

# نعت
## رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

آپ سے دنیا کی رعنائی آپ سے دنیا کی رنگینی
آپ تصور میں جب آئے خوشبو پھیلی بھینی بھینی

آپ امین صادق کہلائے حسنِ عمل کے پھول کھلائے
دھو گئی سب کے دل کی تلخی آپ کی باتوں کی شیرینی

دشمن جو بھی سامنے آیا دیکھ کے ان پہ ایماں لایا
عفو، تحمل، شانِ کریمی، حسنِ تکلم، خندہ جبینی

آپ کا اسوہ حاصلِ قرآں آپ کا اسوہ حاصلِ ایماں
ہم پر بس تقلید ہے لازم کفر ہے ان پر نکتہ چینی

رحمت عالم، محسنِ اعظم، سرورِ عالم آپ کے دم سے
کٹ گئیں ظلم کی سب زنجیریں ختم ہوئی یکسر سنگینی

دنیا کا ہر فلسفہ جانچا پرکھا ہم نے ہر نظریہ
آپ کی ہر اک بات یقینی باقی سب کچھ غیر یقینی

شافعِ محشر کی امت کا زادِ سفر اے راز یہی ہے
خوفِ الٰہی، عشقِ محمد، حبِ صحابہ، غیرتِ دینی

© rasailojaraid.com



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ